# چانسلر کا ضابطہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| زمرہ: | **طلبا** | نمبر: | A-412 |
| موضوع: | اسکول میں تحفظ | صفحہ: | 1 کا 1 |
| | | جاری شدہ: | 11/08/06 |

**تبدیلیوں کا خلاصہ**

یہ ضابطہ A-412 مورخہ 13 ستمبر، 2005 کی جگہ پر نافذ العمل ہے-

یہ اسکول میں ہونے والے کسی واقعے یا جرم کی صورت میں اسکول کے اہلکاروں کی رپورٹ کرنے اور اطلاع دینے سے متعلق لازمی تقاضوں کی وضاحت کرتا ہے- یہ پولیس یا دیگر تفتیشی ایجنسی کے ذریعہ طلباء اور عملے سے سوالات کرنے اور پولیس کے ذریعہ کسی طالب علم کو گرفتار کیے جانے کی صورت میں اسکول کی ذمہ داریوں کا بھی تعین کرتا ہے-

**تبدیلیاں:**

- سیل فون پالیسی میں طبی استثنٰی کی اجازت کے طریقِ کار کا اضافہ کیا گیا ہے-

# چانسلر کا ضابطہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| زمرہ: | **طلبا** | نمبر: | A-412 |
| موضوع: | اسکول میں تحفظ | صفحہ: | 11 کا 1 |
| | | جاری شدہ: | 11/8/06 |

**خلاصہ**

یہ ضابط چانسلر کے ضابطے A-412 مورخہ 13 ستمبر، 2005 کی جگہ پر نافذ العمل ہے- یہ ضابط اسکولوں میں تحفظ برقرار رکھنے کے سلسلے میں اسکول کے عملے کی ذمہ داریوں کی وضاحت کرتا ہے- یہ اسکول میں ہونے والے کسی واقعے یا جرم کے سلسلے میں لازمی طور پر کی جانے والی کارروائیوں کا بھی تعین کرتا ہے-

## I. اسکولوں میں تحفظ

A. پبلک اسکولوں کو طلباء، عملے اور والدین کے لئے محفوظ ماحول فراہم کرنا چاہئے- ایک ایسے تعلیمی ماحول کی تخلیق کے لئے پبلک اسکولوں میں اور آس پاس نظم وضبط اور تحفظ برقرار رکھنا ضروری ہے جس میں طلباء اعلی تعلیمی معیار حاصل کرسکیں، مدرسین ان معیارات کے مطابق تعلیم دے سکیں، اور والدین کو اطیمنان ہو کہ یقینی طور پر بچوں کے تعلیم حاصل کرنے کے حق کی تکمیل ہوگی-

B. تحفظ اور بہتر نظم وضبط برقرار رکھنا، اسکول کے تمام عملے، نیویارک شہر کے محکمہ پولیس، محکمہ تعلیم کے طلباء کے تحفظ اور انسدادی خدمات [Division of Student Safety and Prevention Services] ، والدین اور طلباء کی اجتماعی ذمہ داری ہے-

C. پرنسپل اور اسکول کے حفاظتی اہلکار [School Safety Agent (SSA)] اسکول کے تحفظ سے متعلق معاملات میں ایک دوسرے سے رابط رکھیں گے اور تعاون کے ساتھ کام کریں گے- اس سلسلے میں وہ اسکول کی املاک میں ہونے والے کسی واقعے کی اطلاع فوری طور پر ایک دوسرے کو دیں گے-

D. اس ضابطے کے تحت مقرر کردہ دستورالعمل پر عملدرآمد لازمی ہے- اس دستورالعمل پر عمل نہ کرنے کے نتیجے میں تادیبی کارروائی کے ساتھ ساتھ ملازمت سے بھی نکالا جا سکتا ہے-

## II. اسکول سے متعلق جرائم اور واقعات کی رپورٹ کرنے اور اطلاع دینے سے متعلق تقاضے

اسکول سے متعلق کسی قسم کے جرم یا واقعہ کے ہونے پر اس کی اطلاع دینے اور رپورٹ کرنے سے متعلق درج ذیل مقررہ تقاضوں کی پابندی لازمی ہے- اسکول سے متعلق جرائم اور واقعات وہ ہیں جو اسکول کے املاک یا اس کے آس پاس کے علاقے میں واقع ہوں (جیسے، عمارت کے سامنے، یا اسکول

کے املاک سے باہر لیکن اسکول سے وابستہ، جیسے ایسا واقعہ جس میں اسی اسکول کے طلباء یا عملے ملوث ہوں)۔

ذیل میں بیان کردہ اطلاعاتی تقاضوں کے ساتھ ساتھ، اسکول سے متعلق ایسے سنگین، مجرمانہ، غیر مجرمانہ، اور/ یا طبی حادثات کے واقع ہونے کی صورت میں جس سے عوامی صحت و تحفظ پر اثر پڑ سکتا ہو یا وہ اہمیت کا حامل ہو (جیسے گولی مارنے، بم سے متعلق واقعات، بس حادثہ، خودکشی کی کوششیں)، سپرنٹنڈنٹ کے نامزد فرد کو لازمی طور پر محکمہ تعلیم کے ہنگامی اطلاعاتی مرکز [Emergency Information Center (EIC)] کو فون نمبر 935-3210 (718) پر اطلاع دینی چاہئے۔ (براہ کرم چانسلر کا خصوصی سرکلر نمبر 7 مورخہ 7 جنوری، 1999 دیکھیں۔)

A. اسکول سے متعلق جرائم کی اطلاع دینے کے تقاضے

اطلاع سے متعلق درج ذیل تقاضوں کی تکمیل لازمی طور پر ذریعہ اطلاع سے قطع نظر اور رازداری کی درخواست کے باوجود کی جانی ضروری ہے۔ مستند سوشل ورکرز، ماہرین نفسیات اور SAPIS کو رازدارانہ اور مراعات یافتہ معلومات سے متعلق سوالات کے سلسلے میں قانونی خدمات کے دفتر[Office of Legal Services] سے رابطہ کرنا چاہئے۔

1. طلباء کے ذریعہ کیے گئے جرائم

ایسے تمام معاملات میں جہاں اسکول کا حفاظتی اہلکار (SSA) یا محکمہ تعلیم کے کے ملازمین (DOE) کو اس بات کی اطلاع دی جائے یا یہ الزام لگایا جائے کہ کسی طالب علم کے ذریعہ اسکول سے متعلق ایسا جرم سرزد ہوا ہے جس کی وجہ سے طلباء، عملے، یا اسکول کمیونٹی کے لئے خطرہ ہے تو، وہ فوری طور پر درج ذیل اقدامات کریں گے:

a. اگر اس واقعے کے سبب تحفظ سے متعلق فوری ہنگامی صورتحال پیدا ہو جائے تو، SSA/DOE لازمی طور پر فوراً پولیس کو مطلع کریں گے اور پھر پرنسپل/ نامزد فرد کو اس کی اطلاع دیں گے؛

b. ایسے دیگر تمام حالات میں جس سے تحفظ کو فوری طور پر کوئی خطرہ درپیش نہ ہو، SSA/DOE لازمی طور پر پرنسپل/ نامزد فرد کو واقعے کی اطلاع دیں گے۔ پھر، پرنسپل/ نامزد فرد، پولیس اور SSA کو مطلع کریں گے۔ اس میں کوئی ایسی شق نہیں ہے جو SSA کو پولیس کو بھی اطلاع دینے سے باز رکھے۔

c. مذکورہ بالا (a) اور (b) کے علاوہ، پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر والدین* اور موزوں سپرنٹڈنٹ کو اس کی اطلاع دیں گے-

2. محکمہ تعلیم کے ملازمین کے ذریعہ کیے جانے والے جرائم

ایسے تمام معاملات میں جہاں SSA/DOE کو محکمہ تعلیم کے کسی عملے یا اسکول کے پروگرام یا خدمات سے وابستہ افراد، جیسے رضاکاران، کے ذریعہ کوئی جرم کیے جانے کی اطلاع ملے یا ان پر ایسا الزام لگایا جائے، تو وہ فوری طور پر درج ذیل اقدامات کرے گا:

a. اگر اس واقعے کے سبب تحفظ سے متعلق فوری ہنگامی صورتحال پیدا ہو جائے تو، SSA/DOE لازمی طور پر فوراً پولیس کو مطلع کریں گے اور پھر پرنسپل/ نامزد فرد کو اس کی اطلاع دیں گے-

b. ایسے دیگر تمام حالات میں جس سے تحفظ کو فوری طور پر کوئی خطرہ درپیش نہ ہو، SSA/DOE لازمی طور پر پرنسپل/ نامزد فرد کو واقعے کی اطلاع دیں گے- پھر، پرنسپل/ نامزد فرد، پولیس، سپرنٹنڈنٹ، SSA اور تفتیش کے خصوصی کمشنر برائے نیویارک شہر اسکول ضلع ("SCOI") کو فون نمبر 510-1400 (212) پر مطلع کریں گے (اور جہاں الزامات میں جسمانی سزا کی صورتحال ہو وہاں دفتر برائے خصوصی تفتیش [Office of Special Investigations] کو)؛

c. اگر کوئی طالب علم مشتبہ مجرمانہ سرگرمی کا شکار ہوتو، پرنسپل/ نامزد فرد کے لئے والدین کو مطلع کرنا بھی ضروری ہے-

3. محکمہ تعلیم کے ملازمین کے ذریعہ جنسی بدسلوکی

محکمہ تعلیم کے ہر ملازم اور آفیسر کی مثبت ذمہ داری ہے کہ وہ محکمہ تعلیم کے افسران، ملازمین، یا اسکول کے پروگراموں یا خدمات سے وابستہ دیگر افراد، جیسے رضاکاران کے ذریعہ طلباء کے ساتھ جنسی بدسلوکی کی اطلاع اپنے پرنسپل/ سپروائزر اور SCOI کو دیں- اس ذمہ داری کا دائرہ اسکول کے احاطے کے اندر اور باہر کہیں بھی ہونے والی جنسی بدسلوکی تک ہے- پرنسپل سپروائزر کو لازمی طور پر طلباء کے والدین سے رابطہ کرنا چاہئے- **پرنسپل/ آفس کے**

---

* اس ضابطے میں جہاں کہیں بھی "والدین" کی اصطلاح کا استعمال ہوا ہے، اس کا مطلب طالبعلم کے والدین یا سرپرست یا طالبعلم سے والدین یا نگراں کا تعلق رکھنے والا فرد یا ایجنسی ہے-

**سربراہ/ سپرنٹنڈنٹ اس طرح کے الزامات کے بارے میں کسی قسم کی معلومات اکٹھا نہیں کریں گے یہ اس کی تفتیش نہیں کریں گے- جہاں مبینہ بدسلوکی کے سبب جرم کی صورتحال پیدا ہو جائے وہاں، پرنسپل/ سپروائزر لازمی طور پر پولیس کو مطلع کریں گے-**

4. ہنگامی طبی صورتحال

a. اگر کسی فرد کو فوری طبی توجہ کی ضرورت ہو تو، SSA/DOE لازمی طور پر EMS/ محکمہ آگ زنی کو پیغام دینے کے لئے 911 پر کال کریں گے- پھر SSA/DOE لازمی طور پر پرنسپل/ نامزد فرد سے رابطہ کریں گے جو لازمی طور پر ایک بار صحت سے متعلق تربیت یافتہ فرد کے ساتھ صورتحال کا جائزہ لے گا (جیسے، معاون صحت، نرس، معالج کے نائب)؛

b. اگر کسی طالب علم کو طبی توجہ کی ضرورت ہو تو، پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر والدین سے رابطہ کرے گا؛

c. اگر طالب علم کو اسپتال لے جانا ضروری ہو اور والدین نہیں پہنچے ہوں تو، لازمی طور پر اسکول کے عملے کا کوئی رکن طالب علم کے ساتھ اسپتال جائے گا- اگر عملے کی چھٹی ہونے کے وقت تک والدین نہیں پہنچتے ہیں تو، عملے کا رکن لازمی طور پر پرنسپل/ نامزد فرد سے رابطہ کرے گا-

5. بچوں کے ساتھ بدسلوکی

a. ایسے تمام معاملات جس میں عملے کو معقول حد تک شبہ ہو کہ طالب علم والدین، نگہداشت کے لئے ذمے دار فرد، یا بچے کے گھر میں رہنے مستقل طور پر رہنے والے فرد، اسکول کے عملے کی جانب سے بچوں کے ساتھ بدسلوکی، غلط برتاؤ، یا بے توجہی کا شکار ہے تو وہ لازمی طور پر فوراً پرنسپل یا اس کے نامزد فرد کو اس کی اطلاع دے گا/ گی- پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر فوراً اس شبہے کی اطلاع نیویارک سینٹرل اسٹیٹ رجسٹر فار چائلڈ ایبیوز اینڈ ملٹریٹمنٹ [New York Central State Register for Child Abuse and Maltreatment کو فون نمبر 1522-635 (800) پر دیں گے- پرنسپل اور عملے کے رکن لازمی طور پر یہ یقینی بنائیں گے کہ یہ اطلاع **چانسلر کے ضابطے A-750** کے مطابق دی جائے- اگر چائلڈ پروٹیکٹو سروس [Child Protective Service] کے کارکنان 3:00 بجے تک کوئی جواب نہیں دیتے ہیں اور اس بات کا تعین ہوجاتا ہے کہ گھر واپس

بھیجے جانے کی صورت میں بچے کی زندگی اور/ یا تحفظ کو یقینی خطرہ درپیش ہے تو، پرنسپل/ نامزد فرد، سپرنٹنڈنٹ/ نامزد فرد سے مشورہ کرنے کے بعد لازمی طور پر پولیس کی ہنگامی مدد حاصل کرنے کے لئے 911 پر کال کریں گے- (مزید تفصیلات کے لئے **چانسلر کا ضابطہ A-750** دیکھیں-)

b. ایسے تمام معاملوں میں جہاں اسکول کے عملے کو شبہ ہو کہ طالب علم، مذکورہ بالا پیراگراف (a) میں بیان کردہ لوگوں کے علاوہ کسی اور فرد کے ذریعہ بدسلوکی کا شکار ہے تو، وہ فوری طور پر پرنسپل/ نامزد فرد کو اس کی اطلاع دیں گے- پرنسپل/ نامزد فرد طالب علم کے والدین اور پولیس سے رابطہ کریں گے-

B. اسکول سے متعلق واقعات کی اطلاع سے متعلق تقاضے

اگر SSA/DOE کے کسی ملازم کو اسکول سے متعلق کسی ایسے غیر مجرمانہ واقعات، حادثہ یا ہنگامی طبی صورتحال کے بارے میں معلوم ہوتا ہے یا وہ اسے دیکھتا ہے، جس کے لئے اسکول کے ذریعہ تادیبی یا دیگر قسم کی کارروائی اور/ یا مرکزی/ سپرنٹنڈنٹ کواطلاع دینے کی ضرورت ہو تو، درج ذیل کارروائیاں کرنا ضروری ہے:

1. اگر کسی فرد کو فوری طبی توجہ کی ضرورت ہوتو، SSA/DOE مذکورہ بالا II.A.4 میں بیان کردہ ضابطوں کی پابندی کرے گا-
2. SSA/ DOE لازمی طور پر پرنسپل/ نامزد فرد کو مطلع کرے گا-
3. پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر اس بات کا تعین کرے گا کہ کس طرح کی، اگر کوئی ہو، تادیبی کارروائی یا بعد کی دیگر کارروائی کی جائے گی اور پھر وہ، طالب علم کے ملوث ہونے کی صورت میں سپرنٹنڈنٹ اور والدین سے رابطہ کرے گا-
4. اگر واقعے کے تحت جسمانی سزا ملنی ہو تو، پرنسپل لازمی طور پر خاص تحقیقات کے دفتر [Office of Special Investigations] سے رابطہ کرے گا-

C. تحریری اطلاع سے متعلق تقاضے

اسکول سے متعلق جرائم اور واقعات یا اس واقعے کے نتیجے میں پہنچے والے صدمے کی مکمل اور درست اطلاع دینا، اسکول میں تحفظ اور نظم وضبط قائم رکھنے کے لئے ضروری اقدامات ہیں-

1. واقعات کی رپورٹیں

پرنسپل/ نامزد فرد کے لئے ضروری ہے کہ وہ اسکول سے متعلق تمام جرائم اور واقعات کے بارے میں 24 گھنٹوں کے اندر رپورٹ درج کریں-*

a. واقعات کی رپورٹ پرنسپل/ نامزد فرد کے ذریعہ تیار کی جائے اور اس پر ان کے دستخط ہوں- جو کچھ ہوا ہے اسکی مکمل، واقعی بیان فراہم کرنے کے لئے واقعے کا بیان مناسب تفصیل کے ساتھ کیا جانا چاہئے-

b. پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر ملوث فریقین اور گواہان کے دستخط شدہ اور ہاتھ سے تحریر کیے ہوئے بیانات حاصل کرے گا جس میں وقت، تاریخ اور وقوع کے مقام کا بیان ہوگا ساتھ ہی اس میں واقعات کی نوعیت اور ترتیب کی تفصیل بھی ہوگی-

2. اسکول کے تحفظ سے متعلق واقعات پر NYPD رپورٹیں

a. SSA اسکول کے تحفظ سے متعلق واقعات پر NYPD رپورٹ تیار کرے گا، جس میں درج ذیل کے لئے طلباء کا نام شامل ہوگا: جرائم، نامناسب رویہ اور ہتھیاروں، ممنوع اشیاء، اور مجرمانہ نوعیت کی گینگ (مجرموں کے ٹولے) سے وابستہ سرگرمیاں- اگر SSA ان میں سے کسی زمرے کے واقعات میں ملوث یا اس سے آگاہ نہ ہوں تو، پرنسپل لازمی طور پر SSA کو طلباء کے ناموں کے ساتھ واقعے کی زبانی تفصیل فراہم کریں گے-

b. SSA اسکول کے تحفظ سے متعلق واقعات پر NYPD رپورٹ تیار کرے گا، جس میں درج ذیل واقعات کے کی صورت میں طالب علم کا نام شامل **نہیں** ہوگا: غیر مجرمانہ طور پر آتشیں چیزیں رکھنا، غیر مجرمانہ مداخلت، مٹرگشتی کرنا، نامناسب برتاؤ، ہراساں کرنا- اگر SSA ان میں سے کسی زمرے کے واقعات میں ملوث یا اس سے آگاہ نہ ہوں تو، پرنسپل لازمی طور پر SSA کو طلباء کے ناموں کے ساتھ واقعے کی زبانی تفصیل فراہم کریں گے-

---

*پرنسپل کے لئے محکمہ تعلیم کے احاطوں یا **چانسلر کے ضابطے A-730** کے مطابق اسکول کی سرپرستی میں ہونے والے پروگراموں کے دوران ہونے والے تمام نقصانات (گزندیاصدمات) کی ایک جامع رپورٹ رکھنا ضروری ہے جس میں طلبا، عملے کے اراکین، اور دیگر افراد ملوث ہوں-

c. SSA لازمی طور پر رپورٹ کی ایک نقل موزوں وسیلے سے اسکول کے سیفٹی ڈویژن آپریشن سینٹر کو بھیجنی چاہئے۔

**III. طلباء کی گرفتاری**

A. اگر کسی واقعہ کے سبب فوری طور پر حراست میں لینے کی ضرورت ہو تو SSA لازمی طور پر طالب علم کو گرفتار کرنے کے بعد پرنسپل کو مطلع کرے گا۔

B. اگر واقعے کے تحت فوری طور پر گرفتار کرنا یا کوئی دوسری کارروائی کرنا ضروری نہ ہو تو، SSA اور/ یا NYPD لازمی طور پر، طالب علم کو حراست میں لینے یا مجرمانہ طور پر ماخوذ کرنے سے پہلے، ممکنہ حد تک، پرنسپل/ نامزد فرد سے رابطہ کرے گا۔

C. طالب علم کے گرفتار ہونے کی صورت میں، پرنسپل لازمی طور پرفوراً والدین کو اطلاع دیں گے۔ اگر والدین نہیں پہنچ سکتے تو، پرنسپل لازمی طور پر گرفتار کرنے والے آفیسر سے درخواست کریں گے کہ اسکول کے عملے کا کوئی رکن طالب علم کے ساتھ تھانے جائے۔ اگر اس کی اجازت نہیں دی جاتی ہے تو، عملے کا ایک رکن (جو لازمی طور پر SSA نہ ہو) فوری طور پر وہاں جائے گا جہاں طالب علم کو لے جایا گیا ہے۔ طالب علم کے ساتھ یا اس کے پیچھے تھانے تک جانے والا عملہ لازمی طور پرکوئی ایسا فرد ہو جو اس واقعے میں ملوث نہ ہو جس کے نتیجے میں گرفتاری عمل میں آئی ہے۔ عملے کا رکن لازمی طور پر موزوں وقت تک یا اس وقت تک طالب علم کے ساتھ رہے گا جب تک کہ اسے اس کی مزید ضرورت باقی نہ رہے۔

**IV.** پولیس یا دیگر ایجنسیوں کے ذریعہ تفتیش

A. طالب علم اور عملے کے ساتھ پوچھ گچھ

1. ایسی صورت میں جب پولیس اور دیگر تفتیشی ایجنسیاں کسی طالب علم کے ذریعہ کئے جانے والے اسکول سے متعلق کسی جرم کی تفتیش کرنا چاہتی ہوں تو، لازمی طور پر پرنسپل/ نامزد فرد انہیں اسکول کے عملے یا دیگر غیر طلباء گواہان اور عملے، یا دیگر غیر طلباء متاثرین کا انٹرویو لینے کی اجازت دیں گے۔ البتہ، پرنسپل/ نامزد فرد کے ذریعہ ان لوگوں پر سوالوں کے جواب دینے کے لئے دباؤ نہیں ڈالا جا سکتا۔

2. ایسی صورت میں جب پولیس اور دیگر تفتیشی ایجنسیاں اسکول سے متعلق جرم کے سلسلے میں کسی طالب علم سے پوچھ گچھ کرنا چاہتی ہوں تو، پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر طالب علم کے

والدین سے رابطہ کرنے کی ہرممکن کوشش کریں گے- اگر اطلاع دے دی گئی ہو تو، پرنسپل/ نامزد فرد یا پولیس/ تفتیشی ایجنسی مزید کارروائی کے سلسلے میں والدین کی رائے معلوم کرنے کے لئے رابطہ کریں گی- اگر والدین کو کوئی اعتراض نہ ہو تو، پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر پولیس/ تفتیشی ایجنسی کو طالب علم کا انٹرویو لینے کی اجازت دیں گے- پرنسپل/ نامزد فرد کو انٹرویو کے دوران وہاں موجود رہنا چاہئے-

3. جب پولیس/ تفتیشی ایجنسی اسکول سے متعلق جرم کے سلسلے میں کسی طالب علم سے سوالات کرنے کے لئے اسکول آتی ہے اور طالب علم کے والدین وہاں نہیں پہنچ پاتے ہیں تو، درج ذیل حالات میں پرنسپل/ نامزد فرد پولیس کو طالب علم سے بات کرنے کی اجازت دے سکتے ہیں:

a. اگر کسی ایسے طالب علم کے والدین نہیں پہنچ سکتے جس پر کسی جرم کے ارتکاب کا شبہ ہو ہوتو، پولیس/ تفتیشی ایجنسی کو اس وقت تک طالب علم کا انٹرویو لینے کی اجازت نہیں دی جا سکتی جب تک کہ آفیسر یہ نہ بتائے کہ بدستور کسی ہونے والے خطرے کا امکان موجود ہے- پرنسپل/ نامزد فرد اس بات کا تعین کرے گا کہ آیا کسی امکانی خطرے کا احتمال ہے- اگر انہیں شبہ ہو اور صورتحال فوری توجہ کی طالب نہ ہو تو، اسے لازمی طور پر قانونی خدمات کے دفتر [Office of Legal Services] سے رابطہ کرنا چاہئے-

b. اگر کسی ایسے طالب علم کے والدین نہیں پہنچ سکتے جو ملزم نہ ہو (یعنی، متاثر فرد یا گواہ) تو، پولیس/ تفتیشی ایجنسی کو اس وقت تک طالب علم کا انٹرویو لینے کی اجازت نہیں ہوگی جب تک کہ ایسے حالات نہ ہوں جن کے تحت فوری طور پر انٹرویو شروع کرنا ضروری ہو- پرنسپل نامزد فرد اس بات کا تعین کریں گے کہ آیا صورتحال فوری توجہ کی طالب ہے- اگر انہیں شبہ ہو اور صورتحال فوری توجہ کی طالب نہ ہو تو، اسے لازمی طور پر قانونی خدمات کے دفتر [Office of Legal Services] سے رابطہ کرنا چاہئے-

c. ایسے معاملات جن میں والدین کو مطلع کیے بغیر انٹرویو کیا جاتا ہے، پرنسپل/ نامزد فرد کا انٹرویو کے دوران موجود رہنا ضروری ہے- البتہ، پرنسپل/ نامزد فرد،

کسی طالب علم کو اسکول میں اس طرح کا انٹرویو دینے کے لئے مجبور نہیں کر سکتا۔

4. ایسے معاملات جس میں پولیس یا دیگر تفتیشی ایجنسیاں بچوں کے ساتھ بدسلوکی کے الزامات کے سلسلے میں طالب علم سے والدین، سرپرست، یا نگراں فرد کے خلاف پوچھ گچھ کرنا چاہتی ہوں تو، پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر انہیں سوالات کرنے کی اجازت دیں گے اور والدین، سرپرست، یا نگراں فرد سے رابطہ نہیں کریں گے۔ ایسے معاملات جس میں پولیس اور دیگر تفتیشی ایجنسیاں بچوں کے ساتھ بدسلوکی کے الزامات کے سلسلے میں طالب علم سے، اسی گھر میں مستقل طور پر رہنے والے کسی فرد کے خلاف پوچھ گچھ کرنا چاہتی ہوں تو، پرنسپل، پولیس یا ایجنسی کے مشورے سے اس بات کا تعین کریں گے کہ آیا پوچھ گچھ والدین سے رابطہ کیے بغیر کیا جانا چاہئے۔ نامزد فرد لازمی طور پر سوالات کرنے کی اجازت دیں گے اور والدین، سرپرست، یا نگراں فرد سے رابطہ نہیں کریں گے۔ کسی بھی معاملے میں، پرنسپل یا کسی ایسے فرد کو، جس کے ساتھ بچہ سہولت محسوس کرے، انٹرویو کے دوران موجود رہنا چاہئے۔ ایسے حالات میں والدین کی اجازت حاصل کیے بغیر، پولیس یا تفتیشی ایجنسیوں کو بچے کا ریکارڈ فراہم کیا جا سکتا ہے۔ (**چانسلر کا ضابطہ A-750** دیکھیں۔)

5.. جب پولیس یا دیگر تفتیشی ایجنسیاں طالب علم یا عملے کے ساتھ کسی طالب علم کے ذریعہ کئے جانے والے ایسے جرم کے بارے میں پوچھ گچھ کرنا چاہتی ہوں جو اسکول سے متعلق نہ ہو تو، پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر اس بات کی درخواست کریں گے کہ پولیس یا دیگر تفتیشی ایجنسیاں غیر اسکولی اوقات میں یہ انٹرویو لیں۔ ایسے معاملات جس میں پولیس یا دیگر تفتیشی ایجنسیاں یہ بتائیں کہ ایسے حالات ہیں جن کے تحت فوری طور پر انٹرویو کرنا ضروری ہے تو، اسکول کے عملے کو مزید مشورے کے لئے قانونی خدمات کے دفتر سے رابطہ کرنا چاہئے۔ اگر ایسی پوچھ گچھ کی اجازت ہوتی ہے، لازمی طور پر اسے ایسے طریقے سے کیا جائے جس سے اسکول کو کم سے کم دشواری ہو۔

**V.** **غیر قانونی اشیاء (ہتھیار، منشیات، وغیرہ) کی ضبطی اور رسید دینا**

A. پولیس کے ذریعہ کسی طالب علم کو ممنوع اشیاء رکھنے کی وجہ سے گرفتار کیے جانے کی صورت میں، پولیس ضبط کیے جانے والے سامانوں کو اپنی تحویل میں لے گا اور اس کی رسید دے گی۔

B. اسکول کے اہلکار لازمی طور پر NYPD کے رسید (املاک سے متعلق کلرک سے رسید) کی ایک کاپی طلب کریں گے-

C. اگر پولیس اسکول کی املاک میں پائے جانے والے ہتھیار کو اپنی تحویل میں نہیں لیتی ہے تو، درج ذیل ضابطوں کا اطلاق ہوگا:

1. پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر DOE کی رسید فارم اور لفافے کا استعمال کرتے ہوئے اس کی رسید تیار کریں گے- فارم پر تمام درکار معلومات فراہم کرنا ضروری ہے-

2. پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر فوراً DOE کے طلباء کے تحفظ اور انسدادی خدمات [Division of Student Safety and Prevention Services (DSS&PS)]، کواطلاع دیں گے جو NYPD کے اسکول کے حفاظتی شعبے [School Safety Division] کے ذریعہ اس غیرقانونی چیز کو لے جائے جانے کا انتظام کرے گا-

3. NYPD کے اسکول کے حفاظتی شعبے کو لے جانے کے لئے دیے جانے سے پہلے ہتھیاروں کو محفوظ طور پر رکھا جانا ضروری ہے-

4. NYPD کے غیر قانونی چیز کو لے جانے کے لئے پہنچنے پر، پرنسپل/ نامزد فرد لازمی طور پر ایک مہر بند لفافے میں ممنوعہ چیز اور رسید انہیں سونپ دیں گے-

5. اگر کسی اسکول کو سپرنٹنڈنٹ کے ذریعہ معطلی کی سماعت کے دوران ثبوت کے طور پر ممنوعہ اشیاء کی ضرورت پڑتی ہے تو، پرنسپل/ نامزد فرد کو DSS&PS سے رابطہ کرنا چاہئے جو ضروری انتظامات کردے گا-

D. اسکول کی املاک میں سیل فونز، آئی پوڈز، بیپرز اور دیگر مواصلاتی آلات ممنوع ہیں، لیکن، پرنسپل کسی طالب علم کو طبی وجوہات کی بناء پر سیل فون اسکولی عمارت میں لانے کی اجازت دے سکتا ہے- (منسلکہ A ملاحظہ کریں جو طبی استثنٰی دینے کے طریقِ کار قائم کرتا ہے)-

E. اگر اسکول سیل فونز، آئی پوڈز، بیپرز اور دیگر مواصلاتی آلے کو ضبط کرتا ہے تو، پرنسپل/ نامزد فرد کو فوری طور پر طالب علم کے والدین سے رابطہ کرکے اس بات کا انتظام کرنا چاہئے کہ والدین خود آکر آلہ لے جائیں-

F. اسکول کو سیل فونز، آئی پوڈز، بیپرز اور دیگر مواصلاتی آلے کو والدین کے آنے تک محفوظ رکھا جانا چاہئے- اگر والدین بار بار اس کو لے جانے میں ناکام رہتے ہیں تو، اسکول کو اس چیز کو ضائع کر دینا چاہئے-

### VI. طلبا سے متعلق معلومات جاری کرنا

صحت و تحفظ سے متعلق ہنگامی صورتحال نہ ہونے پر، ماسوا عدالتی فرمان یا سمن کی تعمیل یا طالب علم کے والدین سے یا طالب علم کے 18 سال کی عمر کا ہونے کی صورت میں اس کے ذریعہ باخبر طور پر تحریری اجازت حاصل کیے بغیر، طالب علم کے ریکارڈ سے کسی بھی طرح کی معلومات فریق ثالث، بشمول NYPD اور SSAs کو فراہم نہیں کی جا سکتی- صحت و تحفظ سے متعلق ہنگامی صورتحال وہ حالت ہے جس میں خطرے کا ناگزیر احتمال ہو یا جس میں معمول کے حالات یا رکاوٹوں کو دور یا ختم کرنے کے لئے معلومات کی فوری ضرورت ہو- ناگزیر خطرات میں کسی پرتشدد جرم کی تفتیش بشمول، لیکن اسی تک محدود نہیں، قتل، آگ زنی، ڈکیتی، جنسی جرائم، ہتھیار رکھنا، یا کسی پر حملہ کرنا، جس میں یہ یقین کرنے کی معقول وجہ ہو کہ کوئی موجودہ یا سابق طالب علم ملزم ہے یا اس کے پاس تفتیش کے تعلق سے ایسی معلومات ہیں جو طلباء یا دیگر افراد کے صحت وتحفظ کی سلامتی کے لئے ضروری ہیں-

### VII. استفسارات

اس ضابطے سے متعلق استفسارات ذیل کو بھیجی جانی چاہئے:

| ٹیلیفون | *Office of School Intervention and Development*<br>NYC Department of Education<br>52 Chambers Street<br>New York, NY 10007 | فیکس |
|---|---|---|
| 212-374-6095 | | 212-374-5598 |

# چانسلر کا ضابطہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| زمرہ: | **طلبا** | نمبر: | A-412 |
| موضوع: | اسکول میں تحفظ | صفحہ: | 11 کا 12 |
| | | جاری شدہ: | 11/8/06 |


| | | |
|---|---|---|
| ٹیلیفون<br>212-374-6095 | *Office of School Intervention and Development*<br>NYC Department of Education<br>52 Chambers Street<br>New York, NY 10007 | فیکس<br>212-374-5598 |

# سیل فون پالیسی میں طبی استثنیٰ دینے کے طریقِ کار

درخواستیں جمع کروانا

1. طلبا کو طبی وجوبات کی بنا پر اسکولی عمارت میں سیل فون لانے کی اجازت دی جاسکتی ہے-
2. ایک طبی استثنیٰ حاصل کرنے کے لیے، والدین کو فزیشن کے ذریعے فراہم کردہ ذیل کی معلومات کے ساتھ ایک فارم مکمل اور دستخط کرنا لازمی ہے-*
   - طالب علم کی طبی حالت کی وضاحت؛
   - یہ وضاحت کہ طالب علم کو سیل فون کی ممانعت سے کیوں مستثنٰی قرار دیا جانا ضروری ہے؛
   - اس سہولت کی طوالت؛ اور
   - فزیشن کے دستخط (منسلکہ فارم ملاحظہ کریں)-
3. پرنسپل ایسی گزارشات کو منظور کردیں گے ماسوا اسکے کہ فارم نامکمل ہے یا جھوٹ بنایا ہوا ظاہر ہو-
4. استثنیٰ کی درخواستیں سالانہ بنیاد پر جمع کروائی جانی چاہییں-

B. سیل فون کے استعمال کی شرائط

1. ایکبار درخواست منظور ہوجانے پر طلبا کو ایک خاص پاس دیا جائے گا- طالب علم کو عمارت میں داخل ہوتے وقت یہ پاس دکھانا لازمی ہے-
2. وہ طلبا جنہیں استثنٰی کی اجازت دی جاتی ہے انہیں اسکول کی عمارت میں اپنے سیل فونز لانے کی اجازت ہے- لیکن، یہ استثنٰی کسی طالب علم کو سیل فون اسکول میں استعمال کرنے یا پاس رکھنے کی اجازت نہیں دیتا-
3. سیل فون کو آف کرکے عمارت میں داخل ہونے کے بعد اسے اسکولی افسران کے حوالے کردینا چاہیئے اور طالب علم کے اسکول سے جانے کے وقت اسے واپس کردینا چاہیئے-
4. اسکولی افسران کو سیل فونز کی تصدیق اور انہیں محفوظ جگہ پر رکھنا لازمی ہے-
5. اگر فون کو اسکول میں استعمال یا متحرک کیا جائے تو طالب علم نیویارک شہر ضابط انضباط میں دیے گئے تادیبی اقدامات کے تابع ہوسکتا ہے-

C. اعداد وشمار جمع کرنا

- طبی استثنٰی کی تمام گزارشات ATS میں درج ہونی لازمی ہیں؛
- پرنسپل کے لیے یہ درج کرنا لازمی ہے کہ سیل فون استثنٰی کی درخواست کو منظور کیا گیا ہے یا نامنظور؛
- پرنسپل کو ان طلبا کی ایک فہرست رکھنی چاہیئے جن کو استثنٰی دیا گیا ہے-

D. رازداری

سیل فون استثنٰی درخواستوں کے سلسلے میں حاصل کی گئی طبی معلومات کے لیے اسکولی عملے کو مناسب رازداری برتنی لازمی ہے-

* IEP یا 504 سہولیات جو طبی متعلقہ خدمات فراہم کرتے ہیں، کے حامل طلبا اور جو طبی استثنٰی حاصل کرنا چاہتے ہیں، انکے لیے ان طریقِ کار کی پیروی کرنا اور مطلوبہ دستاویزات جمع کروانا لازمی ہے-

**SPACE FOR SCHOOL LETTERHEAD**

**طبی وجوہات کی بنا پر اسکول سیل فون لانے کی اجازت کی درخواست - 2007-2006 اسکولی سال**

چانسلر کے ضابطے A-412 کے مطابق، طلبا کو طبی وجوہات کی بنا پر اسکولی عمارت میں سیل فون لانے کی اجازت دی جاسکتی ہے- لیکن، یہ استثنٰی کسی طالب علم کو سیل فون اسکول میں استعمال کرنے یا پاس رکھنے کی اجازت نہیں دیتا- والدین کو یہ فارم مکمل کرنا اور فزیشن کے ذریعے جز A مکمل کروانا لازمی ہے- مکمل کردہ فارم پرنسپل کے پاس جمع کروایا جانا چاہیئے-

طالب علم کا نام: آخری: ________________ پہلا: ___________ مڈل: _________

لڑکا: _____ لڑکی: _____ تاریخ پیدائش: ______________________ آئی ڈی #: ______________________

اسکول: ______________________________________ کلاس: ________________

ایک پر نشان لگائیں اگر قابلِ اطلاق ہو: طالب علم ایک IEP _______ یا 504 سہولت _______ کا حامل ہے جو طبی متعلقہ خدمات فراہم کرتا ہے-

(***براہِ مہربانی نوٹ کریں کہ ایک IEP یا 504 سہولت کا حامل ہونا کسی طالب علم کو خودبخود طبی وجوہات کے لیے اسکول سیل فون لانے کی اجازت نہیں دیتا ہے***)

---

A. درخواست کردہ اجازت کے لیے فزیشن کا بیان

1. طبی حالت کی نوعیت بیان کریں (تشخیص/ حالت شامل کریں):

______________________________________

______________________________________

______________________________________

2. وضاحت کریں کہ سیل فون ایک ضرورت کیوں ہے:

______________________________________

______________________________________

______________________________________

3. اسکولی سال کے دوران طالب علم کو جتنے وقت کے لیے سیل فون استثنٰی کی ضرورت ہوگی وہ بیان کریں-

______________________________________

______________________________________

______________________________________

______________________________________
فزیشن کا نام (جلی حروف میں) فزیشن کے دستخط

______________________________________
دستخط کی تاریخ نیویارک ریاست رجسٹریشن نمبر

فزیشن / کلینک کا پتہ زپ کوڈ

فزیشن / کلینک کا ٹیلیفون نمبر فزیشن / کلینک کا فیکس نمبر

یہ درخواست جمع کرواکر میں اپنے بچے کے لیے طبی وجوہات کی بنا پر اسکول کی عمارت میں سیل فون لانے کی اجازت کی گزارش کررہا ہوں- میں سمجھتا ہوں کہ میرا بچہ اسکول کی عمارت میں داخل ہونے کے بعد اپنا سیل فون اسکولی افسران کے حوالے کرے گا / گی اور سیل فون اسے روانگی کے وقت واپس کردیا جائے گا- اگر فون کو اسکول میں میرے بچے کے ذریعے استعمال یا متحرک کیا جائے تو وہ نیویارک شہر ضابطہ انضباط میں دیے گئے تادیبی اقدامات کے تابع ہوسکتا / سکتی ہے- اس فارم میں میرے ذریعے فراہم کردہ معلومات درست اور مکمل ہے-

(براہِ کرم والدین کا نام اور پتہ ذیل میں جلی حروف میں لکھیں)

| | |
|---|---|
| والدین کا نام | والدین کے دستخط |
| والدین کا پتہ | زپ کوڈ |
| دستخط کی تاریخ | دن کا ٹیلیفون نمبر |

---

یہ تعین کرنے کے لیے کہ آیا اسکول کی عمارت میں سیل فون لانے کی اجازت دی جائے گی، اس درخواست کا پرنسپل کے ذریعے منظور کیے جانا لازمی ہے- یہ درخواست سالانہ جمع کروانی چاہیئے-

پرنسپل کے استعمال کے لیے: ○ منظور ○ نامنظور

پرنسپل کے دستخط: ______________________

دستخط کی تاریخ: ______________________